وزیر اعظم کی آسٹریلیا کے گورنر جنرل سے ملاقات

24 مئی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آسٹریلیا کے گورنر جنرل عزت مآب جناب ڈیوڈ ہرلی سے 24 مئی 2023 کو سڈنی میں واقع ایڈمرلٹی ہاؤس میں ملاقات کی۔

2- وزیر اعظم نے محترم ہرلی کے نیو ساؤتھ ویلز کے گورنر کی حیثیت سے 2019 میں ہندوستان کے دورے کے دوران اپنی ملاقات کو یاد کیا۔

3- دونوں رہنماؤں نے دیرینہ دوطرفہ شراکت داری کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

4- وزیر اعظم نے آسٹریلیا میں ہندوستانی برادری کے مثبت تعاون اور دونوں ممالک کے درمیان قریبی روابط کو فروغ دینے میں ان کے کردار کو یاد کیا۔

سڈنی

24 2023 مئی